# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 08 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 08/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ قومی تب دق مٹاؤ پروگرام کے تحت ٹی بی سے پاک بھارت کی 100 روزہ مہم کا آغاز۔

☆ قانون ساز اسمبلی کے خصوصی اجلاس میں نئے چنے گئے اراکین کی حلف برداری کا عمل جاری۔

☆ ای وی ایم کے ذریعے چناؤ کرانے کے طریقے کار کے خلاف مہاوکاس آگھاڑی کے اراکین اسمبلی کی جانب سے حلف برداری کا بائیکاٹ

☆ سابق وزیر مدھوکر راؤ پچڈ کی آخری رسومات سرکاری اعزاز سے کی گئی ادا۔

اور ☆ مردوں کے انڈر 19، ایشیاء کپ کرکٹ مقابلوں میں آج بھارت اور بنگلہ دیش کا فائنل میچ۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

قومی تب دق مٹاؤ پروگرام کے تحت 100 روزہ ٹی بی سے پاک بھارت مہم کا کل آغاز ہوگیا۔ اس مہم کا افتتاح مرکزی وزیر صحت اور خاندانی بہبود جگت پرکاش نڈا کی موجودگی میں ہریانہ کے پنچ کلا میں کیا گیا۔ یہ مہم ملک بھر کے 347 اضلاع میں چلائی جائے گی جن میں مہاراشٹر کے 17 اضلاع بھی شامل ہے۔ ریاست میں یہ مہم کل واشم سے شروع کی گئی۔ ٹی بی کے خاتمے کی اس مہم کا افتتاح آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے کیا۔ اس 100 دن کی مدت میں طے شدہ منصوبے کے تحت تب دق کے خاتمے کے لئے صحت کی خدمات کو موثر طریقے سے نافذ کیا جائے گا۔ اس پروگرام کے لئے ریاست میں 11/ہزار 610 افراد کو مقرر کیا گیا ہے۔ جس سے ٹی بی کے مریضوں کی جانچ اور علاج میں تیزی آئے گی۔ یہ بات صحت اور خاندانی بہبود کے محکمے کے ڈپٹی سیکریٹری کوستبھ گری نے بتائی۔ ناندیڑ میں اس مہم کا آغاز ضلع کی صحت افسر ڈاکٹر سنگیتا دیشمکھ نے ٹوپا ابتدائی صحت مرکز سے کیا۔ ضلع کے بھوکر دیہی اسپتال کے Outpatient شعبے میں مریضوں کو ٹی بی اور اس کے علاج کے بارے میں معلومات دے کر اس مہم کا آغاز کیا گیا۔ ضلع کلکٹر ابھجیت راوت نے سبھی سے اس 100 روزہ مہم میں تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** **** *****

قانون ساز اسمبلی کا خصوصی اجلاس کل سے شروع ہوگیا۔ اسمبلی کے عبوری اسپیکر کالی داس کولمبکر نے سب سے پہلے نئے چنے گئے اراکین اسمبلی چین سنکھ سنچیتی، جے کمار راول، مانک راؤ کوکاٹے اور آشیش جیسوال کو ٹیبل اسپیکر کے عہدے کا حلف دلایا۔ اس کے بعد وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور نائب وزراء اعلیٰ ایکناتھ شندے اور اجیت پوار نے ممبران کی حیثیت سے حلف لیا۔ ایوان کی کل کی کاروائی دیگر اراکین کی حلف

تجاویز پیش کرنے کی آخری تاریخ آج دوپہر 12 ربجے تک ہے۔

***** **** *****

ای وی ایم کے ذریعے رائے دہی کے عمل کے خلاف مخالف جماعتوں کے نئے چنے گئے اراکین نے کل اسمبلی کی رکنیت کی حلف برداری کا بائیکاٹ کیا۔سماجوادی پارٹی اور دیگر چھوٹی پارٹیوں کے 4اراکین کے علاوہ مخالف جماعتوں کے سبھی اراکین نے کل رکنیت کا حلف نہیں لیا۔ ریاستی کانگریس پارٹی کے صدراور رکن اسمبلی نانا پٹولے نے بتایا کہ مہاوکاس آگھاڑی کے اراکین اسمبلی نے عوامی جذبات کا احترام کرتے ہوئے حلف نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔وہ کل اسمبلی کے صحن میں میڈیا سے بات کررہے تھے۔رکن اسمبلی آدتیہ ٹھاکرے نے بھی اس سلسلے میں اپنا موقف واضح کرتے ہوئے بتایا کہ وہ عوام کے جذبات کا احترام کرتے ہوئے حلف نہیں لے رہے ہیں۔

***** **** *****

اسمبلی کے سابق اسپیکرراہل نارویکر نے مخالف جماعتوں کے اس موقف پرتنقید کرتے ہوئے پوچھا کہ کیا وہ حلف لئے بغیر اپنے ہی انتخاب پرشک پیدا کررہے ہیں۔اپوزیشن کے اس بائیکاٹ پرتنقید کرتے ہوئے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار نے کہا کہ مہاوکاس آگھاڑی نے ای وی ایم پررائے دہی کے ذریعے ہی لوک سبھا میں 31 رنشستیں جیتی ہے۔لیکن جب عوام نے اسمبلی میں مہایوتی کو اقتدار سونپا تو ای ی ایم کوالزام دیا جارہاہے۔دریں اثناء اراکین اسمبلی کے حلف لینے کا آج آخری دن ہے۔پوار نے سب کی توجہ اس جانب مبذول کرائی کہ آج شام تک حلف لینا ضروری ہے ورنہ کل اپوزیشن ایوان کی کاروائی میں حصہ نہیں لے سکے گی۔

***** **** *****

سابق وزیر مدھوکرراؤ پچڑ کی آخری رسومات کل اہلیہ نگرضلع کے اکولہ تعلقے کے راجورمیں سرکاری اہتمام کے ساتھ ادا کی گئی۔وزیراعلیٰ دیویندرپھڑنویس نے بھی اس موقع پرشرکت کی اورآنجہانی کوخراج عقیدت پیش کیا۔رکن اسمبلی رادھاکرشن ویکھے پاٹل، دیگراراکین اسمبلی دلیپ وڑسے پاٹل، کرن لہامٹے،ضلع کلکٹرسیدارام سالی مٹھ اورسماج کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے پچڑ کوخراج عقیدت پیش کیا۔

***** **** *****

وزیردفاع راج ناتھ سنگھ نے کل مسلح افواج کے Flag Day کے موقع پر بھارتی فوج کی ہمت، بہادری،لگن اورقربانی کی خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے اہل وطن سے مسلح افواج کے Flag Day فنڈ میں حصہ لینے کی بھی اپیل کی۔اسی بیچ لاتورضلع انتظامیہ نے گذشتہ برس اس فنڈ کی وصولی میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرکیا تھااورمراٹھواڑہ میں پہلا اورریاست میں دوسرا مقام حاصل کیا تھا۔اس کامیابی پرکل گورنرسی پی رادھان کرشنن نے District Soldier Welfare Board کی چیئرمین اورلاتورکی ضلع کلکٹرورشاٹھاکرگھوگے اورریٹائرڈلفٹنٹ کرنل شرد پرکاش پانڈے کی عزت افزائی کی۔

***** **** *****

بچوں کی پہلی تھیٹر کانفرنس کاانعقاد20 تا22 دسمبر کے دوران پونے میں کیا جائے گا۔بال رنگ بھومی پریشد کی صدراوراداکارہ نیلم شرکے سامنت نے کل پونے میں ایک صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔اس کانفرنس کے تحت فنکار بچون کا ایک جلوس نکالا جائے گا۔ساتھ ہی مختلف فنون کی نمائش،بچوں کے مشہورڈرامے،لوک آرٹ کی پیشکش اورمعذوروں کے لئے کام کرنے والی تنظیموں کے فن کاربچوں کے پروگرام مس اس

کانفرنس میں پیش کئے جائیں گے۔ اختتامی پروگرام میں تھیٹر کی سینئر اداکارہ پرتبھا متکری کو چلڈرن تھیٹر ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔

***** ***** *****

اننت بھالے راؤ فاؤنڈیشن کی جانب سے اننت بھالے راؤ یادگار انعامات دینے کی تقریب آج چھترپتی سمبھا جی نگر میں منعقد کی جارہی ہے۔ آج شام ساڑھے ۵ ربجے مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کے یشونت راؤ چوہان ہال میں منعقد کئے جانے والے اس پروگرام میں سبکدوش پولس افسر ڈاکٹر میرا چڈھا بورونکر کو اس ایوارڈز سے نوازا جائے گا۔ اس موقع پر ڈاکٹر بورونکر، پولس، سیاست داں اور معاشرہ، چیلنجز اور حل اس عنوان پر لیکچر دیں گی۔

***** ***** *****

پربھنی میں ڈویژنل سطح کے یوتھ فیسٹیول کو نوجوانوں کی جانب سے بھرپور پذیرائی ملی۔ ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے اس میلے کا افتتاح کیا تھا۔ اس میلے میں لوک رقص، لوک گیت، مصوری، تقاریر، بھارت کی نشونما، شاعری سنانے اور کہانی نویسی کے ساتھ ساتھ سائنس اور ٹیکنالوجی کے نئے تصورات کے مختلف مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ جیتنے والوں کو اسناد اور تمغوں سے نوازا گیا۔ اس فیسٹیول کے فاتحین آئندہ 12 دسمبر کو ناندیڑ میں منعقد ہونے والے ریاست گیر یوتھ فیسٹیول میں حصہ لیں گے۔

***** ***** *****

سابق ریاستی وزیر اور رکن اسمبلی امت دیشمکھ نے کہا ہے کہ لاتور میونسپل کارپوریشن کی خواتین کے لئے مفت سٹی بس خدمات جاری رہے گی۔ انہوں نے میونسپل کمشنر اور انتظامیہ کو ہدایت دی کہ خواتین کو اس خصوص میں اسمارٹ کارڈس کی فراہمی کی خاطر ہر وارڈ میں ایک مرکز قائم کیا جائے۔ لاتور میونسپل کارپوریشن نے تین برس قبل خواتین کے لئے مفت سٹی بس خدمات شروع کی تھی۔ یہ ملک کی پہلی اور واحد میونسپل کارپوریشن ہے جس نے اس طرح کی سروس کو نافذ کیا ہے۔

***** ***** *****

آسٹریلیاء میں جاری بارڈر گاؤسکر ٹیسٹ کرکٹ سیریز کے دوسرے میچ میں کل جب تیسرے دن کا کھیل ختم ہوا تب بھارتی ٹیم نے اپنی دوسری اننگز میں 128 رنز بنالئے تھے۔ اس سے قبل آسٹریلیاء کی ٹیم کل پہلی اننگز میں 337 رنوں پر آل آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کی پہلی اننگز 180 رنوں پر ختم ہوئی تھی۔ بھارت کی دوسری اننگز کا آغاز بھی مایوس کن رہا۔ یشسوی جیسوال 24، شوبھمن گل 28، ویراٹ کوہلی 11، روہیت شرما 6 اور کے ایل راہل 7 رنوں پر آؤٹ ہوگئے۔ رشبھ پنت 28 اور نیلیش ریڈی 11 رنوں پر کھیل رہے ہیں۔ بھارتی ٹیم اب بھی 29 رنوں سے پیچھے ہے۔

***** ***** *****

دبئی میں کھیلے جارہے مردوں کے Under-19 ایشیاء کپ کرکٹ مقابلوں میں آج بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان فائنل میچ کھیلا جائے گا۔ بھارتی وقت کے مطابق یہ میچ صبح ساڑھے 10 ربجے شروع ہوگا۔ بھارت نے سیمی فائنل میں سری لنکا کو شکست دی ہے۔

***** ***** *****

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ قومی تب دق مٹاؤ پروگرام کے تحت ٹی بی سے پاک بھارت کی 100 روزہ مہم کا آغاز۔

☆ قانون ساز اسمبلی کے خصوصی اجلاس میں نئے چنے گئے اراکین کی حلف برداری کا عمل جاری۔

☆ ای وی ایم کے ذریعے چناؤ کرانے کے طریقے کار کے خلاف مہاوکاس آگھاڑی کے اراکین اسمبلی کی جانب سے حلف برداری کا بائیکاٹ

☆ سابق وزیر مدھوکرراؤ پچڈ کی آخری رسومات سرکاری اعزاز سے کی گئی ادا۔

اور☆ مردوں کے انڈر 19، ایشیاء کپ کرکٹ مقابلوں میں آج بھارت اور بنگلہ دیش کا فائنل میچ۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****